شائع ہوتے ہیں وہ بھی بہت مفید، معلومات افزا اور دلچسپ ہوتے ہیں، پاکستان میں اردو زبان کے متعلق اپ ٹو ڈیٹ معلومات رکھنے کے لیے اس کا مطالعہ ناگزیر ہے۔

دنیسکو پیامی ایڈیٹر حکیم محمد سعید صاحب دہلوی تقطیع کلاں ضخامت ۸۰ صفحات کتابت وطباعت اور کاغذ اعلیٰ، قیمت سالانہ پچاس روپے، فی پرچہ چار روپے۔

پتہ: ہمدرد فاؤنڈیشن، ہمدرد سنٹر، کراچی۔

یہ یونیسکو کا ماہانہ رسالہ ہے جو دنیا کی پچیس زبانوں میں شائع ہوتا ہے اور اس کا سہ ماہی انتخاب انگریزی، فرانسیسی اور اسپینی زبانوں میں شائع کیا جاتا ہے۔ جن پچیس زبانوں میں یہ مجلہ شائع ہوتا ہے ان میں سے ہر زبان کا ایڈیٹر الگ ہوتا ہے چنانچہ اردو زبان کے ایڈیٹر حکیم محمد سعید صاحب دہلوی ہیں اور اس کا مرکز اشاعت وتقسیم وفروخت ہمدرد سنٹر کراچی ہے، اس اردو ماہنامہ کا ایک شمارہ جو نومبر دسمبر ۱۹۸۱ء کا مشترک نمبر ہے ہم کو برائے تبصرہ موصول ہوا ہے اور اس وقت وہی پیش نظر ہے، اس نمبر کا موضوع خاص "اسلام، پندرھویں صدی ہجری" ہے، اس تقریب سے اس شمارہ کے سب مضامین اور مقالات اسلامی ثقافت، تہذیب وتمدن اور اسلامی علوم وفنون سے متعلق ہیں۔ متعدد مضامین مثلاً "سوویت روس میں مسلمان" اور "انڈونیشیا میں تجدید واصلاح" مصور ہیں، مقالات میں تنوع بہت کافی ہے، چنانچہ ایک طرف اسلام کا عالمگیر پیغام، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم، قرآن وسنت اور اسلامی تعلیمات پر مقالات ہیں تو دوسری جانب تصوف، فکر اسلامی کی اساس، ابن بطوطہ، اور سائنس میں مسلمانوں کے کارناموں پر مضامین ہیں، موجودہ دنیائے عرب سے متعلق بھی مفید اور معلومات افزا مضامین ہیں۔ شمارہ میں مکہ معظمہ اور مشاہیر علم وفن کی تصاویر بھی کثرت سے ہیں جن کی وجہ سے یہ شمارہ گل بداماں بن گیا ہے، غرض کہ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ یہ شمارہ صوری اور معنوی ہر اعتبار سے اک معیاری، بلند پایہ اور نہایت مفید اور معلومات افزا رسالہ ہے۔